رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

کیا ہو گیا ہے میری اُمت کے لوگوں کو جب ان کے سامنے ابراہیمؑ اور ان کی آل کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل خوش ہو جاتے ہیں اور ان کے چہرے باغ باغ ہو جاتے ہیں اور جب ان کے سامنے میرا اور میری اہلِ بیت علیہ السلام کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل جل کر کوئلہ ہو جاتے ہیں اور ان کے چہروں پر تیوری چڑھی ہوتی ہے۔ مجھے قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے برحق نبی بنا کر مبعوث فرمایا ہے کہ کوئی بندہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو اور اس نے 70 نبیوں کے برابر اعمالِ خیر انجام دیئے ہوں، پھر اس کے پاس میرے اہلِ بیتؑ میں کسی ولی امر کی ولایت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا کوئی عمل قبول نہیں کرے گا اور کسی کا کوئی بدلہ نہیں دے گا۔

(امالی الشیخ الفید، صفحہ 191)